ماہنامہ القاسم، خالق آباد نوشہرہ،

جولائی ۲۰۰۱ء

مضامین اور تحریریں دلچسپ، جاندار، اصلاحی، علمی، تاریخی اور سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی ﷺ کا حسین مرقع ہیں۔ موجودہ شمارے میں خاص کر "مقام محمد ﷺ، قرآن کا جمالیاتی اسلوب اور سیرت، بشارت محمدیہ کتب سماویہ میں، فکر و نظر کی مستحکم بنیادیں پروفیسر ظفر احمد کے قلم سے، سیرت نگاری کا منہج اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت حکیم و مدبر" جیسے مضامین قیمتی اور علمی سرمایہ ہیں۔

ارباب ذوق، علمی و ادبی حلقے اور عشاق رسول یقیناً اس حسین علمی تحفے کی قدر کریں گے اور اپنے حلقوں میں اس کے تعارف و اشاعت میں بہتر کردار ادا کریں گے۔ ٹائٹل انتہائی دیدہ زیب کاغذ عمدہ اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی،

ڈائریکٹر جنرل شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد،

السیرہ عالمی کا شمارہ نمبر ۴ میرے زیر مطالعہ رہا ہے، یوں تو اس میں کئی علمی مقالات ہیں لیکن بعض مقالات خاص طور پر علمی اہمیت کے حامل ہیں، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب کا مضمون "محبوبیت اور تبعیت" مطالعہ سیرت ﷺ کے لئے نہ صرف نئے زاوئے مہیا کرتا ہے بلکہ عظمت و محبت کے احساس کے ساتھ اتباعِ رسول ﷺ پر آمادہ بھی کرتا ہے۔ ابوالخیر کشفی صاحب کا مضمون "مقامِ محمد ﷺ" بھی بہت خوبصورت تحریر ہے، ڈاکٹر اشتیاق حسین مرحوم کا مضمون "معراج انسانیت" بہت جامع اور فکر انگیز ہے۔ پروفیسر ظفر احمد صاحب کا مقالہ "فکر و نظر کی مستحکم بنیادیں" تعارضِ ادلہ اور اصولِ ترجیح پر ایک پر مغز مقالہ ہے۔ اس مقالے کی روشنی میں نہ صرف اختلافات کو دور کیا جاسکتا ہے بلکہ یہ جاننا بھی آسان ہو گیا ہے کہ کون کمزور اور بودے دلائل پر رائے قائم کر رہا ہے۔

خدا کرے کہ یہ مجلہ علمی دنیا میں اپنا مقام پیدا کرلے اور دنیا بھر میں سیرت طیبہ ﷺ پر کام کرنے والوں کی علمی پیاس بجھاتا رہے۔ زوّار اکیڈمی مبارک باد کی مستحق ہے۔